زیدی نے کرایا ہے۔ ادبی تحقیق کے بعض مسائل از ڈاکٹر محمد حسن اور کیفی دتاتریہ کی خدمات" از گوپی چند نارنگ۔ بھی اچھے مقالات ہیں۔ علاوہ ازیں" اردو میں تحقیق کا معیار" پر سمپوزیم اور آخر میں ہندوستانی یونیورسٹیوں میں تحقیق کی رفتار پر ایک مفصل گوشوارہ' دونوں مفید از معلومات افزا ہیں نمبر میں متعدد مخطوطات کے بعض اہم اجزا کے فوٹو بھی شامل ہیں۔ غرض کہ یہ نمبر اردو ادب میں خاصہ کی چیز اور لائق قدر ہے۔

سیپ کا بارہواں خاص نمبر۔ مرتبۂ جناب نسیم درانی تقطیع کلاں ضخامت ۲۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت چھ روپیہ پتہ :۔ دفتر سیپ بلاک ڈی شیر شاہ کالونی کراچی ۲۹

آپ تصور کیجئے کہ کسی صاحب ذوق کو ایک معیاری ادبی رسالہ کے خاص نمبر میں کن کن چیزوں کی جستجو ہو سکتی ہے۔ آپ دیکھیں کے کہ ان میں سے کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اس نمبر میں موجود نہ ہو اور وہ بھی بافراط۔ چنانچہ مقالات۔ تحقیقی اور تنقیدی۔ ڈرامے اور افسانے۔ طبعزاد اور ترجمے۔ انشائیے۔ طنز و مزاح، غزلیں اور نظمیں قدیم اور جدید دونوں رنگ کی۔ دوہے اور گیت شرکائے بزم کے فوٹو ادبی خبریں۔ کتابوں پر تبصرے یہ سب کچھ آپ کو اس میں ملیگا۔ لکھنے والوں میں پرانے اور نئے دونوں قسم کے حضرات ہیں لیکن جو کچھ ہے وہ ادب عالیہ میں شمار ہو سکتا ہے ان عام مقالات نثر و نظم کے علاوہ دو نوجوان ادیب مسعود مفتی اور مشتاق یوسفی کا خصوصی مطالعہ بھی کیا گیا ہے۔ بہر حال یہ شمارہ واقعی" خاص نمبر" ہے اور پڑھنے کے لائق ہے۔

"شاعر" کا افسانہ و ڈرامہ نمبر مرتبۂ جناب اعجاز صدیقی تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۲ صفحات' کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت تین روپیہ پتہ :۔ مکتبۂ قصر الادب، پوسٹ بکس ۴۵۲۶' بمبئی — ۸

شاعر بمبئی اردو زبان کا صرف ایک دیرینہ اور بلند پایہ ادبی ماہنامہ نہیں ہے بلکہ وہ ایک مستقل ادبی تحریک اور اس کا ایک نصب العین اور لائحۂ عمل ہے جس کے ماتحت اس کے عام پرچے اور اُن کے ساتھ خاص خاص نمبر بھی وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہتے ہیں۔ چنانچہ کہنے کو یہ نمبر محض